## 106526 ـ نماز تراویح میں بوڑھے اور کمزور افراد کی خیال کرنا

**سوال**

کیا نماز تراویح میں امام کو بوڑھے اور کمزور وغیرہ افراد کا خیال کرنا چاہیے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

" یہ چیز تو سب نمازوں میں مطلوب ہے، چاہے نماز تراویح ہوں یا پھر نماز پنجگانہ امام کو کمزور و بوڑھے افراد کا خیال کرنا چاہیے کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" تم میں سے جو کوئی بھی لوگوں کی امامت کرائے تو وہ ہلکی نماز کرائے کیونکہ ان میں کمزور اور چھوٹے اور ضرورتمند بھی ہوتے ہیں "

اس لیے امام کو مقتدیوں کا خیال کرنا چاہیے، وہ رمضان کے قیام میں ان سے نرمی کرے، اور پھر آخری عشرہ میں بھی خیال کرنا چاہیے، کیونکہ سب لوگ برابر تو نہیں بلکہ مختلف ہوتے ہیں، اس لیے ان کے حالات کا امام کو خیال کرنا چاہیے، اور انہیں مسجد میں آنے کی ترغیب دلانی چاہیے وہ مسجد میں حاضر ہوں.

کیونکہ جب وہ طویل نماز پڑھائےگا تو لوگوں پر مشقت ہوگی اور یہ چیز انہیں مسجد میں آنے سے متنفر کرےگی، اس لیے اسے ایسي چیز کا خیال کرنا چاہیے جو انہیں مسجد میں آنے پر ابھارے اور نماز کی ترغیب دلائے، چاہے وہ مختصر ہی نماز ادا کرے اور لمبی نہ کرے.

لہذا ایسی نماز جو لوگوں کے لیے خشوع و خضوع اور اطمنان کا باعث ہو چاہے وہ تھوڑی ہی ہو ایسی نماز سے بہتر اور اچھی ہے جس میں خشوع و خضوع نہ پایا جائے اور جس میں لوگ اکتاہٹ و سستی کا شکار ہو جائیں " انتہی .